# خدائے ثالوث کی عبادت:

## مختلف صدیوں اور براعظموں کے درمیان مسیحی حکمت کا حصول اور ایک دوسرے سے بیان

(اشاعت 2010)

شرکاء 2011 کیلئے مجلسِ مذاکرہ کی تمہید:

جون 2010 میں کیلون کالج (Calvin College) دنیا بھر کی کلیساؤں کی اصلاحی روایات (Reformed Tradition) کے متعلق ایک تاریخی اجلاس کا میزبان ادارہ تھا۔ اس اجلاس میں اصلاحی کلیساؤں کے عالمی اتحاد (World Alliance of Reformed Churches اور عالمگیر مسیحی اتحادی کونسل (REC) (Reformed Ecumenical Council) کو ضم کر کے ''اصلاحی کلیساؤں کے عالمگیر اتحاد'' (WCRC) World Communion of Reformed Churches کا قیام وجود میں آیا۔ جون 18 تا 28 کے اجلاس میں WCRC نے دنیا بھر کے مسیحیوں کو اکٹھا کرنے اور انہیں دنیا میں گواہی کی خدمت کو عام کرنے کیلئے ایک معیاری کوشش کی۔ اصلاحی کلیساؤں کے عالمگیر اتحاد نے دنیا بھر میں 108 ممالک کے مسیحیوں سے رابطے کیے، اور دنیا بھر کے تقریباً 80 ملین اصلاح شدہ مسیحیوں کو اکٹھا کیا۔ اسکی 230 ارکان کلیساؤں میں منظم جماعتیں، پریسبٹرین، اصلاح شدہ اور مشترکہ کلیسیائیں ہیں جنکا آغاز سولہویں صدی میں جون کیلون (JohnCalvin) جون نوکس (John Knox) اور دوسرے کئی لوگوں نے کیا۔

جون میں ہونے والے اجلاس میں WCRC کے متوقع طریقہ عبادت کو وضع کرنے والی 9 شقوں میں سے ایک شق ''عبادت اور روحانی بحالی'' بھی تھی جس میں مسیح یسوع کی بڑی کلیسیاء کی خدمت کیلئے طریقہ کار وضع کئے گئے تھے (دوسری) کئی شقیں بطور اصلاحی شناخت، علم الٰہیات، اور عشائے ربانی، مسیحی اتحاد اور بین الکلیسائی یگانگت، معاشی انصاف پسندی، زمین اور خدا کی تمام تخلیق، قیادت، ترقی اور نشوونما، جنس کی بنیاد پر انصاف، نوجوانوں کو بااختیار بنانا، مذہبی تبلیغ، اور امن ومفاہمت کیلئے کام کرنے سے متعلق تھے۔

عبادت اور روحانیت کے متعلقہ نمائندہ مسودے کے مندرجہ ذیل خاکے کو زیرِ غور لائے: **''خدائے ثالوث کی عبادت: مختلف براعظموں اور صدیوں پر محیط مسیحی حکمت کا حصول اور ایک دوسرے سے بیان''** کے لئے ایک بین الاقوامی کمیٹی تشکیل دی گئی جو کہ ہر روز اجتماعی حمد وثناء کی ذمہ دار تھی اس گروہ کو یہ اختیار بھی دیا گیا تھا کہ وہ اصلاحی کلیساؤں کے عالمگیر اتحاد (2004) اور عالمگیر مسیحی اتحادی کونسل (2005) کے تفویض کردہ اختیار کے جواب کے طور پر اس اجلاس کیلئے عبادت اور روحانیت کے بیان کیلئے مسودہ تیار کریں۔ اس کمیٹی میں ارجنٹینا، کیری بین، مصر، جرمنی، انڈونیشیا، نائیجریا، فلپائن، اسکاٹ لینڈ، اور امریکہ کے نمائندے شامل تھے جو کہ 2009 اور 2010 کے عبادت کے کیلون اجلاس (Calvin Symposuim) کی دو ملاقاتوں کے بعد ای میل کے زریعے ایک دوسرے سے رابطے میں تھے اس کام میں کمیٹی کی مدد کیلئے مسیحی عبادت کے ادارے کیلون کی طرف سے عالمگیر اصلاحی کلیساؤں اور عالمگیر مسیحی اتحادی کونسل کے تمام کلیسیائی اراکین کو سوالنامے بھیجے گئے جس میں ان سے عبادت اور روحانیت کے متعلق انکی دلچسپی اور خوشی کے بارے میں پوچھا گیا، اور پھر نتائج مرتب کے گئے دنیا کے ہر کونے سے جوابات موصول ہوئے۔ جن میں بہت سے عام عبادتی افکار، عقائد اور طور طریقے بیان گئے تھے، جنہوں نے مندرجہ ذیل مسودہ تیار کرنے کیلئے کمیٹی کے کام کو بنیاد فراہم کی جون 2010 کے WCRC کے اجلاس کے دوران نمائندوں نے اس مسودے کی مزید ترویج کی، اور 2010 کا موجودہ ایڈیشن متفقہ طور پر WCRC نے منظور کر لیا اور مطالعے اور غور وفکر کیلئے رکن کلیساؤں کے سپرد کر دیا۔ یہ مسودہ نئے حالات میں ڈھلنے والا ہے اور رکن کلیساؤں میں جاری سیکھنے اور بیان کرنے کے عمل کو تیز کرنے کا وعدہ کرتا ہے، یہ ایک ذریعہ ہے جس سے ہم ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ''مسیح یسوع کے فضل اور حکمت میں بڑھتے جائیں'' یہ پہلے ہی بنگلہ فرانسیسی جرمن، اور اسپینش زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے، اور دوسری زبانوں میں ترجمہ کرنے کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے اور جیسے ہی تمام تراجم مہیا ہونگے ان تمام کو WCRC کی ویب سائٹ پر پوسٹ کر دیا جائے گا۔

برائے مہربانی (نیچے دی گئی سفارشات دیکھیں) ان طریقوں پر غور کریں ہوسکتا ہے کہ آپ اپنی عبادتی کمیٹیوں، ایلڈرز، اور پاسٹر کے گروہوں کیساتھ اس مسودے کا مطالعہ کر سکیں۔

# اصلاحی کلیسیاؤں کے عالمگیر اتحاد کی متفقہ طور پر
## منظور کردہ شفارشات

www.wcrc.ch
June, 2010

عبادت اور روحانیت کی شق کیمطابق اس بات کی سفارش پیش کی گئی کہ مشترکہ جنرل کونسل

ا۔ ہماری کمیٹی کا ترمیم شدہ (منسلک ترمیم شدہ ایڈیشن دیکھیں) بیان ''خدائے ثالوث کی عبادت'' جو کہ رکن کلیسیاؤں میں بحث ومباحثے، سیکھنے سکھانے اور مشترکہ عبادت سے متعلق روحانی فہم کے حصول کا کام کرنے والا مسودہ ہے، کو منظور یا قبول کرے۔

۲۔ سیکریٹریٹ کو ہدایت دے (الف) اس مسودے میں بیان کردہ تعارف کیمطابق اسکے کثیرال استعمال اہمیت کو واضع کرتے ہوئے اسے رکن کلیسیاؤں کو بھیجے (ب) رکن کلیسیاؤں سے التماس کرے جون 2012 سے پہلے اس مسودے کے متعلق اور اگلی اشاعت میں اسے شامل کرنے کے متعلق اپنی رائے اور جواب بھیجیں (ج) اسے دوسری عالمگیر کلیسیائی تنظیموں (جیسا کہ لوتھرین ورلڈ فاؤنڈیشن وغیرہ) کو بھیجیں کہ ان تنظیموں کے ساتھ ہمارے تعلق کے سیاق وسباق میں وہ اس مسودے کے متعلق اپنی رائے دیں (د) ان تنظیموں سے درخواست کریں کہ وہ اپنی عبادت کے طریقہ کار کے متعلقہ کوائف کے بارے میں سکھانے کیلئے عالمی مسیحی اجتماع کے مختلف مقامات کے لوگوں سے بات چیت کریں یا پھر کسی اور مناسب مشاورت گاہ یا جلسہ گاہ کے زریعے مختلف مقامات کے لوگوں کیساتھ باہمی طور پر سیکھیں، تاکہ مسیح کے بدن یعنی کلیسیائی طور پر سیکھنے کا ذریعہ بنیں (و) جس قدر جلد ہو سکے اصلاحی دنیا میں 2010 کے ایڈیشن کی اشاعت ممکن ہو سکے (ہ) اس مسودے کی مناسب تشہیر وابلاغ کیلئے ایک اخباری اعلامیہ تیار کیا جائے۔

۳۔ انتظامی اختیارات رکھنے والی کمیٹی کو ہدایت کی جائے کہ (الف) عالمگیر مسیحی اتحادی تنظیموں اور رکن کلیسیاؤں کے جوابات کے خلاصے کی رپورٹ تیار کرے، (ب) انتظامی کمیٹی سفارش کردہ مختلف مقامی لوگوں کیساتھ سیکھنے سکھانے کیلئے ہونیوالی بات یا اجلاس کی میزبانی کرے یا اس میں شرکت کرے (ج) انتظامی کمیٹی سیکریٹریٹ کیساتھ مل کر انٹرنیٹ کے ذریعے ایسے عبادتی طریقے معلوم کرے جو اس مسودے کو بہترین طور پر منعکس کرے (یعنی رکن کلیسیاؤں کے عبادت کرنے کے طریقے کی تصویری فلم (Video Clips)) وغیرہ (د) رکن کلیسیاؤں کے نوجوانوں کیلئے ایک تعلیمی اجلاس کا انعقاد کرے، جس میں آن لائن مشاورت گاہ شامل ہو، تاکہ ان کے تجربات اور فہم وادراک اور بصیرت کی روشنی میں اس مسودے کی معلومات کو ایک دوسرے تک پہچانے کیلئے بہتر طریقہ سامنے آسکے (و) انتظامی کمیٹی سیکریٹریٹ کیساتھ ملکر اس مسودے کی اشاعت کیلئے انتظامات کی نشاندہی کرے (ہ) ایسی رکن کلیسیاؤں سے رجوع کریں جو اس مسودے کو دوسری زبانوں میں ترجمہ کرنے کی خواہش مند ہیں (ز) انتظامی کمیٹی اس مسودے کا نظرثانی شدہ متن اگلی جنرل اسمبلی میں منظوری کیلئے پیش کرے۔

نوٹ:۔ مسودے کے اس ایڈیشن کیلئے یہ اصطلاحات یعنی ''کلیسیا''، ''اجتماع''، اور ''فرقہ'' مبادلے کے طور پر استعمال ہوئے ہیں جو کہ ہماری رکن کلیسیاؤں کو ظاہر کرتے ہیں پورے مسودے میں ''برکت'' اور دانشمند وحکیم کی اصطلاحات خصوصاً ''برکت'' کا لفظ خدا کی برکات کو ظاہر کرتا ہے جو وہ ہمیں بائبل کے احکامات کی پیروی کے نتیجے میں بخشتا ہے، اور لفظ، دانشمند، کلیسیاؤں کی فہم وفراست اور قوت فیصلہ کی طرف اشارہ کرتا ہے جو وہ خدا کی مرضی معلوم کرنے کیلئے کرتے ہیں۔ رکن کلیسیاؤں کے جواب کے بعد، ہم اس کے استعمال کی مزید اصلاح کی امید رکھتے ہیں۔

# خدائے ثالوث کی عبادت

## مختلف صدیوں اور براعظموں کے درمیان مسیحی حکمت کا حصول اور ایک دوسرے سے بیان (ایڈیشن2010)

تعارف:

ایک دوسرے سے حکمت کا بیان مختلف ثقافتوں میں مشرق سے مغرب اور جنوب سے شمال کی طرف ایک عمومی عمل ہے،اور کئی صدیوں نسلوں اور ثقافتوں میں خصوصی طور پر سیکھنے کیلئے زبانی ورتحریری دونوں طریقے عمل میں آتے ہیں۔حکمت کے اس بیان میں بائبلی ادب کے کئی ریشے جن میں امثال اور امثال کی طرح کے زبور یسوع مسیح کی مبارک بادیاں اور پولوس رسول کی کئی نصیحتیں شامل ہیں۔حکمت کی ان باتوں کو ایک دوسرے سے بیان کرنے سے مسیح کے بدن،یعنی کلیسیاء کے عضلات کو مضبوط کیا جاتا ہے۔اس لحاظ سے ایک دوسرے سے حکمت کا بیان کرنا اصلاحی کلیسیاؤں کے عالمگیر اتحاد WCRC کی طرح عالمی مسیحی رفاقت کا مرکزی عمل ہے جب ایک دوسرے کو بیان کی جانیوالی حکمت ،کلام کی حکمت کی مناسبت اور حقیقی گونج ہے تو یہ خدا کے کلام کی حقیقی و پائیدار گواہی اور''خدا کی حکمت''(ا۔کرنتھیوں1:24)ہے پھر حکمت کا یہ بیان پنتیکوست کا نشان ہے،نہ کہ بابل کا بلکہ روح کا تحفہ یعنی،حکمت کی روح ہے۔

مسیحی عبادت کے طریقوں کے متعلق ضرب المثال کو جمع کرنے کا مقصد مسیح کے بدن کو وفادار خدمت کیلئے تعمیر کیا جائے۔یہ تمام ضرب المثال اصلاحی مسیحیوں نے جمع کی ہیں۔اولؔ یہ ایک کلیہ کلیسیائی مجموعہ ہے جو مقدس،پاک،عالمگیر رسولی کلیسیاء میں شراکت کو ظاہر کرتا ہے اور ثانیاً یہ ایسا مجموعہ ہے جو عالمگیر اصلاحی برادریوں کی انفرادی تاریخ،الہیاتی قائلیت اور مشقوں کو ظاہر کرتا ہے اور یہ ایک مخصوص مجموعہ ہے،جو دنیا بھر کے تمام اصلاحی گروہوں یا کلیسیاؤں کے عالمی اتحاد(WARC)کے Accra, Ghana, 2004 اور عالمگیر اتحادی کونسل(REC) Utrecth, The Netherlands, 2005 میں ہونیوالے دونوں اجلاسوں کے منشور کے جواب کا ابتدائی خاکہ تھا جسکے بعد دونوں تنظیموں کی رکن کلیسیاؤں سے گفت وشنید کی گئی۔

اسے WCRC 2010 کے Grand Rapids, Michigan, USA امریکہ میں ہونے والے جنرل کونسل کے اجلاس میں،عبادتی منصوبہ بندی کے گروہ نے،پاسٹرز اساتذہ،اور دنیا بھر سے دوسرے کئی لوگوں کے مشورے کے بعد تیار کیا گیا تھا،جن میں اصلاحی روایات کو ماننے اور نہ ماننے والے،دونوں شامل تھے،اور اسے مشترکہ جنرل کونسل کے عبادتی اور روحانی تازگی کی شق کے زریعے مزید بہتر بنایا گیا تھا۔

اس مسودے کو عبادتی اور روحانی تازگی کے تصور کو واضح کرنے کیلئے مرتب کیا گیا ہے،جس میں ہم ایک دوسرے کیلئے مزید گہرے اور اہم جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔اس مسودے کو اس لئے ترتیب نہیں دیا گیا کہ رکن کلیسیا پر کوئی ایک طریقہ مسلط کردیا جائے اور نہ ہی یہ اس بات کی دلیل ہے کہ رکن کلیسیاؤں کے عبادتی طریقے پہلے ہی سے اس حکمت سے معمور ہیں۔یہ مسودہ کئی طرح استعمال ہوسکتا ہے۔

ا۔ یہ مسودہ کسی بھی حلقے کی کلیسیا کے مقامی طریقوں کی نعمتوں،مشکلات،خوبیوں اور کمزوریوں کے متعلق گفتگو تشکیل دینے کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔وہ لوگ جو اس گفتگو میں رہنمائی کرینگے ہر تمثیل یا ضرب المثال کے بعد پوچھ سکتے ہیں''خدا نے اس حکمت پر عمل کرنے کیلئے ہمیں کونسی نعمت دی ہے'''' اس حکمت کو وفاداری کیساتھ مثال بنانے یا ظاہر کرنے کیلئے خدا ہمیں کس طرح بلاتا ہے''اور اس موضوع سے تعلق اپنی حکمت کا اظہار ہم دوسرے طریقے سے کیسے کرتے ہیں؟ ہر تمثیل ایسی گفتگو اخذ کروانے کیلئے جس کے زریعے الہیاتی عقائد اور طریقوں گواہیوں اور روحانی فہم کے

درمیان تعلق دریافت کیا جاسکے جو کسی بھی حوالے سے پھلدار خدمت کیلئے ناگزیر ہے۔

۲۔ **یہ مسودہ ایک یا ایک سے زیادہ کلیسیاؤں میں گفتگو تشکیل دے سکتا ہے،** یعنی ایسے ایمانداروں کے درمیان جو ثقافتی لحاظ سے ایک دوسرے بالکل مختلف ہیں وہ لوگ جو اس طرح کی گفتگو میں رہنمائی کریںگے ہر تمثیل کے بعد رک کر پوچھ سکتے ہیں ''اپنے منفرد ثقافتی حلقے میں رہتے ہوئے اس حکمت پر عمل پیدا ہونے کیلئے خدا نے ہم میں سے ہر ایک کو کونسی نعمتیں دے رکھی ہیں؟'' اور ''جو کچھ ہم نے ایک دوسرے سے سیکھا ہے اس کی روشنی میں اس حکمت پر عمل کرنے کیلئے خدا ہمیں کس طرح بلا سکتا ہے؟''۔

۳۔ **یہ مسودہ تفصیلی و گہرے مطالعے اور مزید بہتری میں تعاون کیلئے ایک دعوت نامہ ہے۔** ہر تمثیل کسی نہ کسی شعبے کی تحقیق کا خلاصہ ہے جس سے مسیحیت کا عکس جھلکتا ہے جو بائبل کے صحائف، الہیاتی غور وفکر اور تاریخی علمیت کا نتیجہ ہے۔ وفادار شاگردوں کی مشکلات کی روشنی میں ہر ضرب المثل پر غور وفکر کرنے کے بعد اسے پھلدار بنانے کیلئے اس میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ لہذا یہ مجموعہ مکمل یا حتمی صورت میں تشکیل نہیں دیا گیا۔ یہ لامتناہی انداز میں تشکیل دیا گیا ہے، کوئی بھی رکن کلیسیا یا عالمی ساتھی اس میں اپنا مواد شامل کرسکتا ہے WCRC کے مستقبل کے اجتماعات میں درپیش مشکلات کے باعث اس مجموعے میں ترمیم کی جائے گی۔

ان تمام استعمالات کا بنیادی وحقیقی مقصد صرف گفت وشنید کو آگے بڑھانا یا اس مسودے کو بہتر بنانا نہیں ہے حتمی مقصد اس مسودے کی مدد سے روح القدس کی قدرت کے وسیلے، خدائے ثالوث کی حقیقی اور تشکر آمیز عبادت کرنا ہے، خدا کے روح کے وسیلہ ان الفاظ اور ان سب پر خدا کی برکت ہو جو ان پر محنت کرتے ہیں تا کہ مسیح کی کلیسیاء مضبوط ہو۔